بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان | بلوچستان کا قدیم ترین اردو روزنامہ | Est. 1939 ABC CERTIFIED

روزنامہ نعرۂ حق کوئٹہ

Daily Nara-e-Haq Quetta

رجسٹرڈ نمبر: 706

چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ

Daily.naraehaq@gmail.com

جلد نمبر 85 | 16 سفر 1448ھ | جمعہ 31 جولائی 2026 | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 138


# معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، بلوچستان اور پاکستان کے دشمن ہیں

## ہیر فراز بگٹی

بلوچ قوم کی روایات مہمان نوازی، بھائی چارے، عزت اور انسانیت کے احترام پر مبنی ہیں، نتیجے اور بے گناہ شہریوں کا قتل بلوچ روایات کا حصہ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی سفاک سوچ کی عکاسی کرتا ہے، جن کا مقصد بلوچستان اور پاکستان میں نفرت، خوف اور انتشار پھیلانا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع پنج گور میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشتگردوں کے ہاتھوں چھ بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، بلوچستان اور پاکستان کے دشمن ہیں وزیر اعلیٰ نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ شہید ہونے والے مزدور کسی ایک قوم، زبان یا صوبے سے نہیں بلکہ پاکستان کے شہری تھے۔ دہشتگردوں نے جانبازیوں کو نہیں بلکہ بے گناہ پاکستانیوں کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے کو قومیت کا رنگ دینا دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو تقویت دینے کے مترادف ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچ قوم کی روایات مہمان نوازی، بھائی چارے، عزت اور انسانیت کے احترام پر مبنی ہیں۔ بے گناہ شہریوں کا قتل بلوچ روایات کا حصہ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی سفاک سوچ کی عکاسی کرتا ہے، جن کا مقصد بلوچستان اور پاکستان میں نفرت، خوف اور انتشار پھیلانا ہے وزیر

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2

## اقوام متحدہ سلامتی کونسل اصلاحات پر مذاکرات 81 ویں اجلاس تک ملتوی، پاکستان کا اختلافات کم کرنے پر زور

سلامتی کونسل میں اصلاحات اقوام متحدہ کے سامنے موجود سب سے اہم اور جانی انتہ امات میں شامل ہیں، مستقل مندوب عاصم افتخار

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے سلامتی کونسل میں اصلاحات سے متعلق بین الحکومتی مذاکرات کو آئندہ 81 ویں اجلاس تک جاری رکھنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ پاکستان نے اس عمل کو 15 رکنی سلامتی کونسل کو زیادہ موثر اور نمائندہ بنانے کے لیے "واحد جائز فورم" قرار دیتے ہوئے اختلافات کم کرنے پر زور دیا ہے۔ اقوام متحدہ میں

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3

## جاپان میں 7.1 شدت کے زلزلے سے ہلاکتیں 30 ہو گئیں

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں 2 روز میں آنے والے 7.1 شدت کے زلزلے کے نتیجے میں ہلاک ہونے والے شہریوں کی تعداد 30 ہو گئی ہے۔ جاپانی وزیر اعظم نے ہلاکتوں میں اضافے کی

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

## رفیع اللہ جیسے باہمت نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

جسمانی معذوری بھی انہیں بلند حوصلوں اور بڑے خوابوں کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی، میر سرفراز بگٹی کی معذور طالب علم رفیع اللہ سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دونوں ہاتھوں سے معذور گریجویٹ عزم اور حوصلے کے حامل ہونہار طالب علم رفیع اللہ کو چیف منسٹر کیریئر پروگرام کے ان سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران رفیع اللہ نے ڈاکٹر بننے کی خواہش کا اظہار کیا، جس پر وزیر اعلیٰ نے ان کی ہمت، عزم اور خود اعتمادی کو سراہتے ہوئے ہر ممکن

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف وزارت خارجہ کے قونصلر خدمات کو بہتر بنانے پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں

## شہباز شریف

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی شکایات کے اندراج کی ڈیجیٹائزیشن خوش آئند ہے، سفارتخانوں میں اسے آن لائن کر کے رسائی میں اضافہ کیا جائے، کیونکہ آن لائن کے ذریعے شکایات کے اندراج کے حوالے سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے خصوصی آگہی مہم چلائی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس نظام کے ذریعے شکایات کا اندراج کرا سکیں

مختلف ممالک میں پاکستان کے سفراء، وزارت داخلہ، ایف آئی اے وزارت آئی ٹی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں، جنہیں ہر قسم کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جنہیں ہر قسم کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، کہ آرکوڈ کے ذریعے شکایات کے اندراج کے حوالے سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے خصوصی آگہی مہم چلائی جائے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس میں بتایا گیا کہ وزیر اعظم کی ہدایات پر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے سفارتخانوں میں سہولیات میں اضافے، دستاویزات کے تصدیقی عمل کی ڈیجیٹائزیشن، شکایات کے عمل کو مزید سہل بنانے اور بیرون ملک سے پاکستان میں مختلف کاموں و ادائیگیوں کیلئے ویجیٹل نظام کے حوالے سے وزارت خارجہ کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3

## امریکی دھمکیاں اور خطے میں مداخلت جاری رہی تو آبنائے ہرمز بند رہے گی، پاسداران انقلاب

امریکا کی ایران پر شدید نوعیت کے فضائی حملوں کی لہر عمل، پاسداران انقلاب کے درجنوں اہداف کو نشانہ بنایا

تہران / واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے ایران پر حملہ کیا ہے، سینٹرل کمانڈ نے حملے کی تصدیق کر دی۔ سینٹرل کمانڈ کے مطابق یہ کارروائی ایران کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں ایرانی حملوں کی بوشہر کے جواب میں کی گئی ہے۔ ایران کے جنوبی علاقوں میں کئی مقامات پر دھماکے سنے گئے۔ روسی میڈیا کے مطابق تازہ حملے کویت سے کیے گئے۔ ایرانی میڈیا کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ قشیم جزیرے اور بوشہر میں دھماکے سنے گئے۔ میڈیا

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3

## ایران کے حوالے سے آئندہ حکمتِ عملی کا فیصلہ ٹرمپ کریں گے، نیتن یاہو

اسرائیل کا وزیر اعظم ہوں اور اپنے ملک کے مفادات اور سلامتی کا دفاع کرنا میری ذمے داری ہے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ ایران کے معاملے پر آئندہ لائحہ عمل کا فیصلہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کریں گے۔ انہوں نے اس تاثر کو بھی مسترد کیا کہ امریکا پر ایران کے خلاف مزید فوجی کارروائی کے لیے دو دباؤ

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3

## ریلوے کراسنگ، سیف سٹی منصوبے اور ایف سی چیک پوسٹ سے متعلق متعدد اہم احکامات جاری

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3

## سیدہ نذیرہ آغا کی آخری درخواست کی سماعت کرتے ہوئے کوئٹہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ٹریفک مینجمنٹ، سڑکوں کی تعمیر، تجاوزات، نکاسی آب،

## زغون روڈ کے دونوں اطراف قائم تمام غیر قانونی تجاوزات کیلئے خنجر کنیز کا حکم

## بلوچستان ہائیکورٹ

کوئٹہ اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کو آئندہ کسی بھی صورت ڈرائیو کیمپیئن میں ملبہ پھینکنے کی اجازت نہ دی جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے

کوئٹہ (این این آئی) چیف جسٹس عبداللہ عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد امین بینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈووکیٹ محمد الدین بینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈووکیٹ

## ہم نے دشمن کیخلاف مزاحمت کی نئی مثال قائم کی، ایرانی صدر

## ایرانی قوم نا انصافی اور ظلم کے سامنے سر نہیں جھکا سکتی، مسعود پزشکیان

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران نے دشمن کے خلاف مزاحمت کی نئی مثال قائم کی ہے۔ غیر ملکی مخبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی صدر نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ایرانی عوام دشمن کے خلاف جدوجہد اور اس کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3

## بجلی بلوں پر ٹیکس کی مد میں عوام سے 476 ارب روپے وصولی کا انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) گزشتہ مالی سال کے دوران ایف پی آر نے بجلی کے بلوں میں مختلف ٹیکسوں کی مد میں 476 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم اکٹھی

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 3

## افغانستان میں انسانی حقوق کی صورتحال پر اقوام متحدہ کی تشویشناک رپورٹ جاری

گزشتہ تین ماہ کے دوران افغانستان میں 29 رکن مائی، گرفتاریاں، تشدد کے 5 واقعات اور 8 ہلاکتیں رپورٹ ہوئیں

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ نے افغانستان میں انسانی حقوق کی صورتحال پر تازہ رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ میں طالبان حکومت کے دور میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، پابندیوں اور شہری آزادیوں میں مختلف سنگین خدشات کا اظہار کیا ہے۔ رپورٹ میں انسانی حقوق کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3

## چین اور پاکستان نے ایران کو اسلحہ فراہم نہیں کیا، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے الزام مسترد کر دیا

چینی صدر شی جن پنگ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ چین ایران کو ہتھیار فراہم نہیں کرے گا، صحافی کے سوال پر جواب

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو چینی ساختہ فضائی دفاعی ہتھیاروں کی مبینہ فراہمی کے حوالے سے چین اور پاکستان کو جوڑنے والے سوال کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ چینی صدر شی جن پنگ نے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ چین ایران کو ہتھیار فراہم نہیں کرے گا۔ ادھر چین نے ان الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے جبکہ پاکستان پہلے ہی

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال ماہانہ ترقیاتی رپورٹ (MDU) کی رونمائی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

## سات اگست سیاسی مزاحمت کا تاریخی دن، کراچی سے خیبر تک ملک جام ہوگا، حافظ نعیم الرحمٰن

## تحریکوں نے آزاد کشمیر میں حکومتوں کے تاج اچھالے، عوام سڑکوں پر ہیں، بلاول ایک دہرے کا پول کھول رہے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پلڈ ہم لیڈری، حکومت کی ناکامیاں معاشی پالیسیوں، مہنگائی اور بے تحاشا ٹیکسوں کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 3

## پاکستان کا انسانی بنیادوں پر 16 ہزار افغان شہریوں کو قیام میں توسیع دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ قانونی و ویزا سفری دستاویزات رکھنے والے کسی افغان شہری کو پاکستان سے بے دخل نہیں کیا گیا۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ میں دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے بتایا کہ آئی ایف آر پی کے تحت تقریباً 9 ہزار افغان شہریوں کے کیسز پر کارروائی جاری ہے۔ طاہر اندرابی نے بتایا کہ انسانی بنیادوں پر 16 ہزار کے قریب خواتین، بچوں اور بزرگ افغان شہریوں کے پاکستان میں قیام میں توسیع دی جا رہی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 3

## 3 منزلہ مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 11 افراد جاں بحق

مکان کا ایوارڈ آگرا رہا ہے بتایا اطلاعات بارشوں سے بچنے کیلئے حال ہی میں سب سے اوپر کی چھت پر ٹین ڈالوائی گئی تھی

لاہور (آن لائن) ہرمس پورہ میں خستہ حال 3 منزلہ مکان کی چھت گرنے سے خواتین اور بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 11 افراد جاں بحق جبکہ 3 زخمی ہو گئے، حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور اہل علاقہ موقع پر پہنچ گئے اور امدادی سر

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3

## ایکشن کمیٹی نے الیکشن فارم سے ریاست پاکستان سے وفاداری کی شق نکالنے کا مطالبہ کیا، امیر مقام

## آزاد کشمیر کے آئندہ وزیر اعظم سے متعلق فیصلہ سابق وزیر اعظم و اپوزیشن کریں گے، وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے الیکشن کے حلف نامے سے پاکستان سے وفاداری کی شق نکالنے کا مطالبہ کیا گیا، ہم نے ایکشن کمیٹی کے 38 میں سے زیادہ نکات مانے لیکن یہ مزید مطالبات لے آئے۔ ایک اخلاقی میں انہوں نے کہا کہ میرپور

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3

## پاکستان دہشتگرد دو، ان ٹھکانوں اور سٹرمائنڈرز کو نشانہ بناتا ہے اور بناتا رہے گا، پاکستان

افغانستان میں موجود دہشت بیانیہ نہیں پہنچ، پاکستانی حلوں میں سویلین باکوں کے الزامات مسترد کرتے ہیں، پاکستان دہشتگردوں، ان ٹھکانوں اور ماسٹر مائنڈز کو نشانہ بناتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور دیتے ہوئے مغربی ایشیا کی صورتحال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد ایک بار پھر صورتحال بگڑ گئی ہے، پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے، پاکستان کا نیکیسٹر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3

## ایران دشمنی کی سفاکیت کی انتہا، ہرات سے اغوا غیر مقامی مزدوروں کو بیدردی سے شہید کر دیا

## دہشتگردوں نے 27 جولائی کو کیچ، ہنسا آباد میں غیر مقامی مزدور جاوید کو شہید اور 6 مزدوروں کو اغوا کیا تھا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقہ پنج ہنسا آباد میں غیر مقامی مزدور ایک بار پھر فتنہ الہندوستان کی بربریت کا شکار ہو گئے۔ دہشتگردوں نے چھ غیر مقامی مزدوروں کو اغوا کے بعد بیدردی سے شہید کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق حکام کا کہنا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے 27 جولائی کو پنج، ہنسا آباد میں غیر مقامی مزدور جاوید کو شہید جبکہ 6 مزدوروں کو اغوا کیا تھا سفاک دہشت گردوں نے اغوا کئے جانے والے تمام 6 غیر مقامی

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3

## صدر مملکت کا شمالی بحیرہ عرب میں پھنسے ماہی گیروں کو بحفاظت ریسکیو کرنے پر پاک بحریہ کو خراج تحسین

سمندر میں انسانی جانوں کا تحفظ پاک بحریہ کی قومی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں سے ہم پہلو دار انتظامی کا ثبوت ہے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی بحیرہ عرب میں پھنسے ماہی گیروں کو بحفاظت ریسکیو کرنے پر پاک بحریہ کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جمہوریت کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ بروقت کارروائی کے ذریعے پاکستانی اور ایرانی شہریوں کو بحفاظت ریسکیو کر کے پاک بحریہ کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور انسانی ہمدردی کا عکاس مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمندر میں انسانی جانوں کا

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3

## پاک بحریہ کا کامیاب آپریشن، شمالی بحیرہ عرب میں پھنسے ماہی گیروں کو بچا لیا

## ماہی گیر کیشتی گوادر سے تقریباً 120 ناٹیکل میل جنوب میں انجن کی خرابی کے باعث پھنس گئی تھی

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ کے جہاز ذی ایون ایس تیمور نے شمالی بحیرہ عرب میں ماہی گیر کشتی کو بچانے کیلئے کامیاب ریسکیو آپریشن کیا۔ پاک بحریہ کے جہاز ذی ایون ایس تیمور نے کامیاب آپریشن کر کے 19 ماہی گیروں کو بحفاظت ریسکیو کیا، ماہی گیر کشتی گوادر سے تقریباً 120 ناٹیکل میل جنوب میں انجن کی خرابی کے باعث پھنس گئی تھی۔ جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈی نیشن سینٹر نے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3

## سینٹرل ایشیا کا دورہ، وزیر خارجہ نے ٹیلیفون پر گفتگو، اسلامی ممالک کا اجلاس بلانے کی تجویز پر غور کا خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ جمہوریت کو دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے حال علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جس میں بالخصوص فلسطین کی سنگین صورتحال پر تفصیلی مرکوز رہی۔

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3

## سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ، کروڑوں کی منی لانڈرنگ کیس میں "بجا" کی خلاف کیل اراکین کی تقرری منظور

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ کروڑوں کی منی لانڈرنگ کیس میں "بجا" کی خلاف کیل اراکین کی تقرری منظور کر دی۔ سپریم کورٹ نے انسانی سمگلنگ کے مرکزی ملزم اور کروڑوں روپے کی منی لانڈرنگ کے الزام میں گرفتار ثاقب عرف بجا کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم سے دیا ہے۔ جسٹس

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 3

## حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اختیار اوگرا کو دے دیا ہے، بجلی پر ویز ملک

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹر پرویز ملک نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی برائے پٹرولیم کی اجلاس سینیٹر عمر فاروق کی مجوری صدارت میں منعقد

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3

## پاکستان کی معنوی ذہانت پر مبنی دور کے لیے اپنی افرادی قوت کو تیار کرنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شمرہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی انسانوں کی ملازمتوں کی جگہ نہیں لے گی بلکہ وہ افراد جو مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا جانتے ہیں، تشکیل کی افرادی قوت کی قیادت کریں گے۔ وہ جمعرات کو یہاں پیمکن کے زیر اہتمام چینج ریسائیونے ایک سیکل: "شمولیتی اور ذمہ دار مصنوعی ذہانت کے فروغ کے عنوان سے منعقدہ تقریب

بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 3

## اے آئی کی مہارت رکھنے والے افراد مستقبل کی افرادی قوت کی قیادت کریں گے، شمرہ فاطمہ

## دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، صدر مملکت

دہشتگردی کے خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کیلئے پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، صدر

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، ملک میں امن و امان کی موجودہ صورتحال اور دہشتگردی کے خلاف جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ صدر

بقیہ نمبر 42 صفحہ نمبر 3

## خصوصاً خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے صدر مملکت کو خیبر پختونخوا اور بلوچستان

## ایران اور سعودی عرب آمنے سامنے، عراق اور اردن پر حملوں کے بعد سخت بیانات

تہران / ریاض (آن لائن) مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران ایران اور سعودی عرب نے ایک دوسرے کے خلاف تازہ بیانات جاری کیے ہیں۔ ایران نے عراق میں امریکی اور سعودی حملوں کی شدید مذمت کی ہے، جبکہ سعودی عرب نے اردن پر ایران کی جانب سے ہونے والے حملوں کو تین

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 3

## سونا عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں مزید مہنگا، چاندی کی قیمت کم ہو گئی

عالمی مارکیٹ میں سونا 1 ڈالر فی اونس اور مقامی سطح پر ایک ہزار روپے فی تولہ مہنگا ہو گیا

کراچی (این این آئی) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمت میں اضافہ ہو گیا جبکہ چاندی سستی ہو گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 10 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 50 ڈالر کی سطح پر آنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعرات کو فی تولہ سونے کی قیمت 1 ہزار روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 27 ہزار 436 روپے کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح ملک میں فی 10 گرام سونے کی قیمت 8 5 7 روپے کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 3

## پی ایس او سمیت آئل کی بڑی کمپنیوں کا اربوں روپے کا فراڈ پکڑا گیا

## ایف بی آر نے پیٹرولیم مصنوعات کے اعداد و شمار کے ساتھ کمپنیوں کو نوٹس جاری کر دیے

لاہور (این این آئی) ایف بی آر نے پی او سی اور دیگر کمپنیوں کی فروخت کے حساب سے کسٹم ڈیوٹی اور پیٹرولیم لیوی جس میں کالا کیٹ لیوی بھی شامل ہے،

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3

## 4 اکتوبر احتجاج کیس، عدالت نے علیمہ خان اور عظمیٰ خان کو اشتہاری قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 4 اکتوبر کے احتجاج سے متعلق کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان اور عظمیٰ خان کو اشتہاری قرار دے دیا۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کے دوران دونوں ملزمان بہنوں

بقیہ نمبر 32 صفحہ نمبر 3

## ہم نے دشمن کیخلاف مزاحمت کی نئی مثال قائم کی، ایرانی صدر

## ایرانی قوم نا انصافی اور ظلم کے سامنے سر نہیں جھکا سکتی، مسعود پزشکیان

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران نے دشمن کے خلاف مزاحمت کی نئی مثال قائم کی ہے۔ غیر ملکی مخبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی صدر نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ایرانی عوام دشمن کے خلاف جدوجہد اور اس کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3

## افغانستان میں انسانی حقوق کی صورتحال پر اقوام متحدہ کی تشویشناک رپورٹ جاری

گزشتہ تین ماہ کے دوران افغانستان میں 29 رکن مائی، گرفتاریاں، تشدد کے 5 واقعات اور 8 ہلاکتیں رپورٹ ہوئیں

لاہور (این این آئی) اقوام متحدہ نے افغانستان میں انسانی حقوق کی صورتحال پر تازہ رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ میں طالبان حکومت کے دور میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، پابندیوں اور شہری آزادیوں میں رائے، خواتین کے حقوق اور مذہبی آزادیوں کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3

## پاکستان ایوٹیوب تخلیق کار عالمی ناظرین میں مقبول، 1200 سے زائد چینلز کے ایک ملین سے زیادہ سبسکرائبرز

## ایک سال کے دوران پاکستانی ایوٹیوب چینلز پر دو کروڑ گھنٹے سے زیادہ ویڈیو مواد اپ لوڈ کیا گیا، گوگل رپورٹ

لاہور (این این آئی) گوگل نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا کے تیزی سے ترقی کرنے والے یوٹیوب ماحولیاتی نظاموں میں شامل ہو چکا ہے جہاں تخلیق کار اپنی معیاری اور منفرد ویڈیوز کے ذریعے نہ صرف مقامی بلکہ عالمی ناظرین کو بھی اپنی جانب متوجہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 3

## سوئٹزرلینڈ کا ریڈ میں کوئلہ کان میں دھماکا، 42 کان کن پھنس گئے، 6 لاشیں نکال لی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلہ کان میں دھماکا 42 کان کن پھنس گئے 6 لاشیں نکال لی گئیں 36 افراد کو ریسکیو کرنے کے لیے آپریشن جاری ضروری آلات نہ ہونے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا۔ محکمہ مائنز اینڈ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق جمعرات کی صبح پیش آنے والے حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ محکمہ کوئلہ کان میں دھماکا ہوا جس کے بعد میتھین گیس کے باعث دھماکا ہوا۔ محکمہ مائنز اینڈ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق جمعرات کی

بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 3

## سینیٹر الوداعی تقریب میں پرانی دشمنی پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

جل مسی (این این اے) جل مسی نیو کوٹھ کے علاقے میں معمولی پر پرانی دشمنی کے باعث فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت فرمان علی ولد غلام حسین کمبوہ کے نام سے ہوئی ہے، جو جل مسی نیو کوٹھ کا رہائشی بتایا جاتا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی

بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 3

## آزاد کشمیر الیکشن کا دور مرحلہ، راولپنڈی اسلام آباد میں مہاجرین کی 3 نشستوں پر پولنگ، 2 فائنل

راولپنڈی (آن لائن) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں راولپنڈی اسلام آباد میں مہاجرین کی 3 نشستوں پر پولنگ 2 ویلی 5 اور ایل اے 39 جموں 6 مشتمل مہاجرین کی 3 نشستوں پر 50 ہزار کے قریب مرد و خواتین رجسٹرڈ 3 وفاقی رائے دہی استعمال کریں گے تین نشستوں

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3

## محکمہ موسمیات کی کم سے 4 اگست تک شدید بارشوں کی پیشگوئی جاری

اسلام آباد (آن لائن) محکمہ موسمیات نے کم سے 4 اگست تک شدید بارشوں کی پیشگوئی کی ہے اور فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن نے محکمہ سیلابی صورتحال پر تازہ الرٹ جاری کر دیا ہے۔ الرٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈی جی خان کے پہاڑی نالوں، خیبر پختونخوا اور شمالی

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3

## اسحاق ڈار کی ٹرک وزیر خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو، اسلامی ممالک کا اجلاس بلانے کی تجویز پر غور کا خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ جمہوریت کو دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے حال علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جس میں بالخصوص فلسطین کی سنگین صورتحال پر توجہ مرکوز رہی۔

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3

## سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ، کروڑوں کی منی لانڈرنگ کیس میں "بجا" کی خلاف کیل اراکین کی تقرری منظور

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ کروڑوں کی منی لانڈرنگ کیس میں "بجا" کی خلاف کیل اراکین کی تقرری منظور کر دی۔ سپریم کورٹ نے انسانی سمگلنگ کے مرکزی ملزم اور کروڑوں روپے کی منی لانڈرنگ کے الزام میں گرفتار

Daily Nara-e-Haq
روزنامہ نعرۂ حق
RBC
بلوچستان کا قابل اعتماد ترجمان
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کواری روڈ نزد چلڈرن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل نمبر 03214556609

## مستونگ: سیشن جج کی شہادت اور پسِ پردہ حقائق

بلوچستان کے علاقے مستونگ میں دہشت گردی کی ایک واردات میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے باڈی گارڈ کو شہید کیا گیا۔ یہ غیر معمولی واقعہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس کے تحت بلوچستان میں اس طرح کے واقعات کے ذریعے خوف و ہراس کی فضا قائم کی جارہی ہے۔ تاہم عدلیہ کے ایک جج کی شہادت کو اگر ایک گہری سازش کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ چند دن پہلے ضلع واشک کے علاقے ماشکیل میں 5 مزدوروں کو شہید کیا گیا۔ 22 جولائی کو کھڈ کوچہ میں بس پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو شہید کیا گیا۔ اس سے پہلے ایک کار پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک معصوم خاتون شہید ہوئیں اور اج ج ایک سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ یہ تمام کارروائیاں اس گہری سازش کا حصہ ہیں جس کے تحت بلوچستان میں انتشار اور خوف کی فضا قائم کی جارہی ہے۔ سیشن جج کی شہادت کو ایک مخصوص زاویے سے پرکھنے کی ضرورت ہے۔ 22 جون 2026 کو بلوچستان یکجہتی کمیٹی کی سرغنہ ماہ رنگ لاشکو کو کوئٹہ کی انسداد دہشت گردی کی عدالت سے سزا سنائی گئی۔ اسی دن ماہ رنگ کی دستِ راست سمی دین نے ایک سوشل میڈیا کے ذریعے ایک بیان جاری کیا جس میں اس نے عدلیہ کو موردِ الزام ٹھہراتے ہوئے کہا کہ جن ججز پر انصاف کی ذمہ داری عائد تھی، انھوں نے انصاف کا ترازو طاقتوروں کے حق میں جھکا دیا اور یوں اج زاد اداروں کے بجائے اقتدار کے اشاروں پر چلنے والی کٹھ پتلیوں کا کردار ادا کیا۔ اس اشتعال انگیز بیان کے تناظر میں بلوچستان کے کئی حلقوں سے یہ اج وازیں اٹھیں کہ سمی دین کا بیان اج نے والے دنوں میں عدلیہ کو نشانہ بنانے کا سبب بنے گا۔ اس رائے کے پسِ پردہ وہ حقیقت تھی جس کے تحت یہ امر روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ بلوچستان یکجہتی کمیٹی، بی ایل اے اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کا سیاسی چہرہ ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کی سرکردہ رہنما سمی دین کا یہ بیان بی ایل اے اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کے لیے ایک حکم تھا، جس میں ماہ رنگ کی عمر قید کا بدلہ عدلیہ کو نشانہ بنا کر لیا جانا تھا۔

## اج خری لمحات میں اج زاد کشمیر کے انتخابات مرحلہ وار کرانے کا فیصلہ

خالصتاً انتظامی نقطہ ? نگاہ سے دیکھیں تو آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال میں مرحلہ وار انتخاب کا انعقاد معقول اور درست فیصلہ ہے۔ انتخابات ہمارے ہاں تکرار بدقسمتی سے ہمیشہ مشکوک تصور ہوتے رہے ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ غلط یا سچ بنیادوں پر عوام کی

نصرت جاوید

اکثریت میں یہ تاثر بیٹھ چکا ہے کہ انتخاب کے انعقاد سے قبل مقتدر ادارے یہ فیصلہ کر لیتے ہیں کہ اب کی بار محاورے والی ''ہما'' کس کے سر بٹھانا ہے۔ یہ طے کر لینے کے بعد فقط ووٹ ڈالنے کی رسم بنائی جاتی ہے۔ اس سوچ کے نتیجے میں چھٹری فارم 47،45 کی بحث آج بھی حکومتی بندوبست کو اخلاقی اعتبار سے کمزور بنائے ہوئے ہے۔ مجھے خدشہ ہے کہ آزاد کشمیر میں مرحلہ وار ہوئے انتخاب وہاں کئی مہینوں سے ہیجانی ہوئی صورتحال مزید بگاڑنے کا باعث ہوسکتے ہیں۔

آزاد کشمیر میں گزشتہ کئی مہینوں سے ایک احتجاجی تحریک جاری ہے۔ ذاتی طور پر اسے دیانتداری سے میں حکومتی نااہلیوں کے خلاف ابھری ایک خودرو تحریک سمجھتا رہا۔ جو مطالبات اس تحریک نے مرتب کئے ان کی اکثریت عوام کی حکمرانی کا تقاضہ کررہی تھی۔ متبوضہ کشمیر سے آئے مہاجرین کا آزاد کشمیر کے جمہوری بندوبست میں حصہ لینے کا جو بندوبست وضع کیا گیا ہے اس کے بارے میں اٹھائے کئی اعتراضات بھی ہرحوالے سے واجب ہیں۔ ان کے لئے مختص نشستوں کے خاتمے کا مطالبہ مگر پاکستان کے اس موقف کی جڑیں ہلا دیتا ہے جو قیام پاکستان سے کئی دہائیاں قبل قائم ہوئی ریاست جموں وکشمیر کے باسیوں کے حق رائے شماری پر اصرار کرتا رہا ہے۔ تاریخی اعتبار سے ڈوگرہ راج کے تحت چلائی ریاستِ جموں وکشمیر ایک کثیر القومی اور کثیر اللسانی ریاست تھی۔ لداخ، وادی? کشمیر اور جموں جغرافیائی اور نسلی اعتبار سے مختلف علاقے ہیں۔ وادی ? نیلم اور پونچھ کی انفرادی شناخت ہے۔ مختلف قوموں اور نسلوں میں بٹی ریاست کی بے پناہ اکثریت مگر مسلمانوں پر مشتمل تھی۔ اسی باعث ہم پر اعتماد رہے کہ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام ہوئے استصواب رائے کے نتیجے میں ماضی کی ریاستِ جموں وکشمیر اپنی کامل جغرافیائی شناخت برقرار رکھتے ہوئے بھی پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کرے گی۔ ہم آج بھی کشمیریوں کے حق رائے شماری کے مطالبے پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ متبوضہ کشمیر سے آئے مہاجرین کے لئے مختص نشستوں سے دست برداری ہمارے تاریخی موقف کی بنیادیں ہلاسکتی ہے۔ متبوضہ کشمیر سے آئے مہاجرین کے لئے مختص نشستوں کے حوالے سے اٹھے قضیے کا پرخلوص مذاکرات کے ذریعے حل ڈھونڈا جاسکتا ہے۔ جب تک معقول حل دریافت نہیں ہوتا تب تک آزاد کشمیر کے موجودہ جمہوری بندوبست کو برقرار رکھنا ہوگا۔ اس کے لئے انتخابی عمل کا انعقاد اور اس میں بھرپور شرکت ہی امید کو لوجلائے رکھ سکتی ہے۔ یہ سب بیان کرنے کے بعد انتہائی عاجزی سے خبردار کرنے کو مجبور محسوس کررہا ہوں کہ مرحلہ وار انتخابات آزاد کشمیر میں پہلے سے موجود ہیجان کو شدت اختیار کرنے کے بجائے اسے مزید بھڑکانے کا سبب ہوسکتے ہیں۔ مرحلہ وار انتخابات کا چیف الیکشن کمشنر کی جانب سے اعلان کروانے سے قبل میری ناقص رائے میں لازمی تھا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات میں گرم جوشی سے حصہ لینے والی تمام سیاسی جماعتوں کا ایک اجلاس ہوتا۔ مذکورہ اجلاس کے دوران مرحلہ وار انتخابات کے ہر مثبت اور منفی پہلو کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے ایسا الاتحمل تیار کیا جاسکتا تھا جو مرحلہ وار ہوئے انتخابات کی شفافیت کو یقینی بناتا۔ اس تاثر کو کافی حد تک ناقص ثابت کرتا کہ انتخابات کے انعقاد سے قبل ہی مقتدر قوتیں یہ فیصلہ کرچکی ہیں کہ ''اب کی بار کس سیاسی جماعت کو اقتدار میں لانا ہے''۔ بھارت میں کئی برسوں سے مرحلہ وار انتخابات ہورہے ہیں۔ ووٹ کاسٹ لیچے کاسٹ ہوئے ووٹ کو بدلنا کے ہاں یہ ممکن نہیں۔ کیونکہ انتخابی عمل تین مراحل سے گزر کر 10 اگست کو ختم ہوگا۔

## سیین کی فتح اور لامین یامال

اس رات نیویارک کے اج سان پراج ٹش بازی ہو رہی تھی، میدان میں سرخ روشن اسپاٹ پر کھڑے ہوکر کہتا ہوں میں جہاں پہنچا ہوں، وہاں سے اج یا ہوا راستہ نہیں بھولا۔ یہی تو عظمت ہے دنیا کامیاب اج ومی کو اس کے موجودہ پتے سے پہچانتی ہے، مگر بڑا اج ومی اپنے پرانے پتے کو شناخت بنالیتا ہے

محمد اکرم چوہدری

اس ورلڈ کپ کے فائنل کو پرانی اور نئی نسل کا اج منا سامنا کہا گیا۔ ایک طرف لیونل میسی تھا وہ نام جس نے تقریباً دو دہائیوں تک فٹ بال کو اپنی انگلیوں پر نچایا۔ دوسری جانب یامال تھا، جو کبھی شیر خوارگی میں میسی کے ساتھ ایک خیراتی تصویری مہم کا حصہ بنا تھا اور اب اسی عظیم کھلاڑی کے سامنے عالمی کپ کا فائنل کھیل رہا تھا۔ وقت نے جیسے ایک پورا دائرہ مکمل کرلیا تھا۔

میچ ختم ہوا تو میسی اور یامال کا گلے ملنا اس ہنگامہ خیز رات کا نہایت خوبصورت منظر تھا۔ ایک عہد نے دوسرے عہد کو شکست کا طعنہ نہیں دیا اس نے اسے سینے سے لگایا۔ یامال نے فتح کے زعم میں نظریں نہیں چرائیں اور میسی نے شکست کے دکھ میں مبارک باد سے گریز نہیں کیا۔ شاید یہی اصل سپورٹس مین شپ تھی وہ قادر جو ٹرافی سے نہیں ملتا، تربیت سے اج تا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ارجنٹائن کے چند کھلاڑی اس معیار کو قائم نہ رکھ سکے اج خری سیٹی کے بعد لیانڈرو پاریڈیس اور بعض دیگر ارجنٹائنی کھلاڑیوں کی ہسپانوی کھلاڑیوں سے جھڑپ بڑھی اور معاملہ اجتماعی دھکم پیل تک جا پہنچا۔ فیفا نے اس واقعے کی باقاعدہ تادیبی اور اخلاقی تحقیقات شروع کردی ہیں۔ انزو فرنانڈیز پیچ کے دوران دوسرے زرد کارڈ کے بعد میدان سے باہر جا چکے تھے، جبکہ کوچ لیونل اسکالونی بعد از میچ کشیدگی کم کرانے کی کوشش کرتے دکھائی دیئے۔

یہاں انصاف کا تقاضا ہے کہ چند افراد کے رویّے کو پوری ارجنٹائنی قوم یا اس کی عظیم فٹ بال روایت کے کھاتے میں نہ ڈالا جائے۔ ارجنٹائن نے دنیا کو میراڈونا اور میسی دیئے، بے مثال جذبہ دیا اور فٹ بال سے دیوانگی کی حد تک محبت کرنا سکھایا۔ مگر عظیم روایت بھی غلط رویّے کو درست نہیں بنا سکتی۔

جیتنے والے کے لیے ضبط خوبصورت ہوتا ہے، مگر ہارنے والے کے لیے ضبط ضروری۔ کھیل صرف یہ نہیں سکھاتا کہ گیند کو جال میں کیسے پہنچانا ہے۔ کھیل یہ بھی سکھاتا ہے کہ جب گیند اج پ کے جال میں چلی جائے تو سر کیسے بلند رکھنا ہے؛ مخالف کا ہاتھ کیسے تھامنا ہے اور اپنی اج نکھ میں اترتی نمی کو دوسرے کے جشن کی بے حرمتی کیسے نہیں بننے دینا۔ ارجنٹائن پیچ ہارا تھا اس میں کوئی ذلت نہ تھی دنیا کا فائنل ہارنا بھی وہاں تک نہ پہنچنے والی سینکڑوں ٹیموں کا خواب ہوتا ہے۔ اصل نقصان اس وقت ہوا جب شکست کا دکھ غصے میں بدل گیا۔ اس لمحے بعض کھلاڑی شاید بھول گئے کہ کروڑوں بچے انہیں صرف فٹ بالر نہیں، مثال سمجھ کر دیکھ رہے تھے۔ اسی شور میں یامال کا سکون زیادہ نمایاں ہو گیا ایوارڈ تقریب میں بتاتا ہے اپنے محلے کے پوشل کوڈ کے اج خری ہندسے گویا دنیا کی سب سے روشن اسٹیج پر کھڑے ہوکر کہتا ہو میں جہاں پہنچا ہوں، وہاں سے اج یا ہوا راستہ نہیں بھولا۔ یہی تو عظمت ہے دنیا کامیاب اج ومی کو اس کے موجودہ پتے سے پہچانتی ہے، مگر بڑا اج ومی اپنے پرانے پتے کو شناخت بنالیتا ہے

اس ورلڈ کپ کے فائنل کو پرانی اور نئی نسل کا اج منا سامنا کہا گیا۔ ایک طرف لیونل میسی تھا وہ نام جس نے تقریباً دو دہائیوں تک فٹ بال کو اپنی انگلیوں پر نچایا۔ دوسری جانب یامال تھا، جو کبھی شیر خوارگی میں میسی کے ساتھ ایک خیراتی تصویری مہم کا حصہ بنا تھا اور اب اسی عظیم کھلاڑی کے سامنے عالمی کپ کا فائنل کھیل رہا تھا۔ وقت نے جیسے ایک پورا دائرہ مکمل کرلیا تھا۔

میچ ختم ہوا تو میسی اور یامال کا گلے ملنا اس ہنگامہ خیز رات کا نہایت خوبصورت منظر تھا۔ ایک عہد نے دوسرے عہد کو شکست کا طعنہ نہیں دیا اس نے اسے سینے سے لگایا۔ یامال نے فتح کے زعم میں نظریں نہیں چرائیں اور میسی نے شکست کے دکھ میں مبارک باد سے گریز نہیں کیا۔ شاید یہی اصل سپورٹس مین شپ تھی وہ قادر جو ٹرافی سے نہیں ملتا، تربیت سے اج تا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ارجنٹائن کے چند کھلاڑی اس معیار کو قائم نہ رکھ سکے اج خری سیٹی کے بعد لیانڈرو پاریڈیس اور بعض دیگر ارجنٹائنی کھلاڑیوں کی ہسپانوی کھلاڑیوں

## بھارتی کا کروچ جنتا پارٹی کے جلوے

تیونس میں ایک ریڑھی والے نے پولیس کی بھتہ خوری سے تنگ اج کر خود کو نذر اج آتش کرلیا تو فقط اس ملک ہی نہیں بلکہ 2011ء ل کا برس شروع ہوتے ہی کئی عرب ملکوں میں بھی نام نہاد ''عرب بہار'' کی تحریک شروع ہوگئی۔ اس کے نتیجے میں مصر پر کئی دہائیوں سے فرعونی اختیارات کے ساتھ براجمان صدر کا بھی برج الٹ گیا۔ مذکورہ تحریک کو تمام تر

نصرت جاوید

ریاستی جبر کے باوجود زندہ رکھنے میں سوشل میڈیا پر ٹویٹر کے نام سے موجود ایپ نے کلیدی کردار ادا کیا۔ ٹویٹر جو اب ایک (X) کہلاتا ہے گویا نظام کہنہ کو شکست دینے کے لئے اجتہادی ہتھوڑا تصور ہونے لگا۔

سکول سے فارغ ہوتے ہی مجھے بھی ''انقلاب'' برپا کرنے کا جنون لاحق ہوگیا تھا۔ عمر ساری دیواروں سے مگر ٹکراتے ہی گزری۔ عمر کے اج خری حصے میں داخل ہوا تو ٹویٹر کی ایجاد نے جی کو دوبارہ جوان بنا دیا۔ دن کے کئی گھنٹے لیپ ٹاپ پر بیٹھا نظام کہنہ کے خلاف ''ذہن سازی'' میں مصروف رہتا۔ ''تبدیلی کا ٹھیکہ'' مگر کرکٹ کی بدولت کرشمہ ساز ہوئے ایک کھلاڑی کو مل چکا تھا۔ انہوں نے لاہور میں کینسر کے علاج کے لئے عوام کے دئے چندوں سے ایک جدید ترین ہسپتال بھی تعمیر کیا تھا۔ ہمارے نوجوانوں نے خلوصِ دل سے امید باندھی کہ سیاسی جماعت کی تشکیل کے ذریعے وہ ہمارے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے ''نیا پاکستان'' بھی تعمیر کرسکتے ہیں۔ مجھے ان کی روش ''انقلابی'' سے زیادہ ''فسطائی'' محسوس ہوئی۔ اپنے تحفظات کا اظہار شروع کیا تو ٹویٹر ہی پر پھیلائی جھوٹی خبروں نے مجھے حکمرانوں کا چاکر لفافہ صحافی ہی نہیں بلکہ اخلاقی اعتبار سے بھی قابل گردن زدنی ٹھہرانا شروع کردیا۔ ڈھیٹ ہڈی نے ذات پر اچھالا گند برداشت کرلیا مگر اپنے خیالات کے حامی موثر تعداد میں میسر نہ ہوئے۔

دریں اثناء ل ''عرب بہار'' بھی خزاں کی زد میں اج گئی۔ کچھ عرصہ پسپائی کے بعد نظام کہنہ کو برقرار رکھنے والی قوتیں طاقت کے مراکز پر اپنا اجارہ بحال کرنے میں کامیاب ہوگئیں۔ مصر اب ایسا ہی ''پرامن'' اور عوام میں خوئے غلامی کا مثالی مظہر ہے جیسا حسنی مبارک کے ایام میں ہوا کرتا ہے۔ ''تبدیلی'' بھی ہمارے ہاں بہت دھوم دھام سے آکر اڈیالہ جیل میں بند ہوچکی ہے۔ جمہوریت اب ''ہائی برڈ'' ہے۔ بہار کو خزاں میں بدلنے کا عمل سمجھانے میں ایک ترک خواد لکھاری۔ زینب توفیق۔ کی لکھی کتاب ''اج نوسیکس اور ٹویٹر'' نے میرے لئے چشم کشا حقائق و دلائل بیان کئے تھے۔ زینب نے عرب بہار کے ایام میں مصر کے تحریر اسکوائر میں انقلابیوں کے ساتھ رہ کر گزارے۔ ''خزاں'' اج نے کے بعد ان کے متحرک رہ نما جیلوں میں گئے تو وہ ان کے خاندانوں میں پرانے ساتھیوں سے مسلسل رابطے میں رہی۔ ان روابط کی بدولت اس نے ٹویٹر کے ذریعے ''ذہن سازی'' کی بے شمار محدودات دریافت کیں۔ میں ان کے حوالے دیتے ہوئے دور حاضر کے انقلابیوں کو سوشل میڈیا سے دور رہنے کے مشورے دینے میں وقت ضائع کرتا رہتا ہوں۔ پیر کے دن سے لیکن سوشل میڈیا کی بدولت انقلاب لانے کو بھند میرے کئی نوجوان لکھاری مجھے ٹویٹر کو جواب ایکس کہلاتا ہے پر بھیجے براہ راست پیغامات کے ذریعے دیوار سے لگا رہے ہیں۔ سوے زیادہ نوجوانوں نے واٹس ایپ کے ذریعے بھی میری کلاس لی۔ پیغامات کی بھرمار نے مجھے یاد دلایا کہ سوشل میڈیا ہی نے بالا? خرمودی حکومت کو حواس باختہ بنادیا ہے۔ زینب توفیقی کی لکھی کتاب سے اچک کر جو دلائل میں نوجوانوں میں مایوسی پھیلانے کو لکھے چلے جارہا تھا وہ باطل ثابت ہورہے ہیں۔

پیر کے روز بھارت کی پارلیمان کے مون سون سیشن کا اج غاز ہوا تھا۔ اس کے اج غاز کے دن مگر حال ہی میں سوشل میڈیا کے ذریعے ابھری ایک جماعت ''کاکروچ جنتا پارٹی'' کے کارکنوں نے پارلیمان ہاؤس کے گھیراؤ کا فیصلہ کیا۔ انہیں پارلیمان تک پہنچنے سے روکنے کے لئے پارلیمان تک جانے والی کئی سڑکیں بند کردی گئیں۔ بے شمار میٹرو اسٹیشنوں کے باہر بھی تالے لگادئے گئے۔ حکومت کی جانب سے لئے پیش بند انتظامات کے باوجود پیر کی صبح سے سورج غروب ہونے تک پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپوں کے سلسلے دلی بھر کے مختلف مقامات پر جاری رہے۔ کئی مقامات پر اج نسوسیکس کی بہتات سے سانس لینا بھی دشوار تھا۔

دلی میں مودی سرکار کے خلاف جو مظاہرے پھوٹے ہیں ان کا بنیادی سبب Neet نامی امتحان ہے۔ یہ ہمارے Mcat کی طرح کا ایک امتحان ہے جو طلباء ل حکومت کے چلائے میڈیکل کالجوں میں داخلے کیلئے دیتے ہیں۔ بھارت میں سرکار کے چلائے میڈیکل کالجوں سے ایم بی بی ایس کرنے کے لئے طالب علم کو مختلف اقساط میں 5 سے دس لاکھ روپے فیس ادا کرنا ہوتی ہے۔ پرائیوٹ میڈیکل کالج اس کے مقابلے میں کم از کم دس گنا زیادہ رقم کا تقاضہ کرتے ہیں۔ بھارت کے سرکاری طور پر چلائے میڈیکل کالجوں میں نشستوں کی کل تعداد ایک لاکھ دس ہزار ہے۔ ملک بھر میں پھیلی ان نشستوں پر Neet امتحان کے نتیجے میں ملے نمبر یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ اج پ کو داخلہ کونسے کالج میں ملے گا۔ مثال کے طور پر کم نمبر دالی میں پیدا ہوئے ایک طالب علم کو اج سام سے بھی پرے منی پور کے میڈیکل کالج میں داخلے کا حق فراہم کریں گے اور اکثر طالب علم گھروں سے دور دراز کالجوں میں داخلے سے انکار کردیتے ہیں اور اپنے نمبر بڑھانے کے لئے Neet کے اگلے امتحان کا انتظار کرتے ہیں۔

رواں برس Neet کا جو امتحان ہوا اس میں ایک لاکھ دس ہزار نشستوں کے حصول کے لئے 20 لاکھ سے زائد طالب علموں نے امتحان دیا۔ راجستھان کے ایک امتحانی مرکز سے انکشاف ہوا کہ امتحان میں جو سوالات پوچھے گئے تھے ان میں سے کم از کم 120 سوالات ایک مشہور ''گیس پیپر'' میں ہو، بہو چھپ چکے ہیں۔ امتحانی پرچہ ''لیک'' ہونے کی کہانی چل پڑی۔ کہانی چل پڑی تو دریافت یہ بھی ہوا کہ بمبئی کے قریبی شہر پونہ میں Neet امتحان کی تیاری کرنے والا ایک کوچنگ سینٹر تھا۔ اس سینٹر کا ایک استاد Neet امتحان کا پرچہ تیار کرنے والوں میں بھی شامل تھا۔

## میاں ریاض حسین پیرزادہ ''جنہیں ہم جانتے ہیں''

کچھ شخصیات کو سمجھنے کے لیے صرف ان کے عہدوں کی فہرست کافی نہیں ہوتی، بلکہ ان کے مزاج، ان کے طرزِ عمل اور ان کے کردار کی باریکیوں میں جھانکنا پڑتا ہے۔ وفاقی وزیر میاں ریاض حسین پیرزادہ کی شخصیت بھی ایسی ہی ایک مثال ہے، جہاں محض سیاسی کارکردگی نہیں بلکہ ان کے مزاج کی وہ خوبیاں بھی نمایاں ہیں جنہوں نے انہیں چار دہائیوں تک پاکستانی سیاست میں متحرک اور معتبر رکھا۔ سب سے پہلی

میاں محمد حیدر عباس پیرزادہ

خوبی جو ان کے سیاسی سفر سے عیاں ہوتی ہے، وہ ہے استقامت۔ سیاست ایک ایسا میدان ہے جہاں کامیابی اور ناکامی کا سلسلہ مسلسل چلتا رہتا ہے، جہاں آج کا مقبول رہنما کل گمنامی کی نذر ہوسکتا ہے۔ لیکن میاں ریاض حسین پیرزادہ کا 1985 سے آج تک کا سفر اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ وہ سیاسی نشیب وفراز کے باوجود اپنے حلقے اور اپنے مقصد سے جڑے رہے۔ یہ استقامت کسی وقتی جذبے کا نتیجہ نہیں ہو سکتی، بلکہ یہ ایک ایسی فطری خصلت ہے جو عزم اور صبر کے امتزاج سے جنم لیتی ہے۔ ان کی دوسری نمایاں خوبی مفاہمت اور رابطہ کاری کی صلاحیت ہے۔ جس شخص نے برسوں تک بین الصوبائی رابطہ جیسی حساس وزارت کی قیادت کی ہو، اس کے مزاج میں ٹکراؤ کے بجائے مکالمے کا رجحان لازمی طور پر موجود ہوتا ہے۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان اعتماد کی فضا قائم رکھنا، مختلف سیاسی مکاتبِ فکر کے درمیان توازن پیدا کرنا، یہ وہ کام ہے جو صرف وہی شخص احسن طریقے سے انجام دے سکتا ہے جس کے اندر برداشت، سننے کا حوصلہ، اور دوسروں کے نقطۂ نظر کو سمجھنے کی صلاحیت موجود ہو۔ میاں ریاض حسین پیرزادہ کی شخصیت میں یہ مفاہمانہ رنگ نمایاں طور پر جھلکتا ہے۔ تیسری خوبی جو ان کے کیریئر سے واضح ہوتی ہے، وہ ہے خوعِ کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت۔ صحت، اقلیتی امور، فنی تربیت، بین الصوبائی رابطہ اور اب ہاسنگ اینڈ ورکس، یہ سب مختلف نوعیت کے شعبے ہیں، اور ہر شعبے کا اپنا الگ مزاج اور تقاضے ہوتے ہیں۔ ایک ایسا سیاستدان جو ان تمام مختلف النوع وزارتوں میں یکساں مستعدی سے کام کر سکے، اس کے اندر ایک لچکدار ذہنیت اور سیکھنے کا مسلسل جذبہ ہونا ضروری ہے۔ یہ خوبی محض علمی قابلیت کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک ایسی فکری کشادگی کی عکاس ہے جو ہر نئے چیلنج کو موقع سمجھ کر قبول کرتی ہے۔ ان کی شخصیت کا ایک اور روشن پہلو ان کی زمین سے جڑت ہے۔ بہاولپور کی مٹی سے ان کا تعلق محض سیاسی حلقے کی حد تک محدود نہیں، بلکہ یہ ایک ایسا رشتہ ہے جو نسل در نسل قائم رہا ہے۔ ایک سیاستدان کے لیے یہ سب سے بڑی آزمائش ہوتی ہے کہ وہ اقتدار کے ایوانوں میں پہنچ کر بھی اپنی جڑوں سے کٹ نہ جائے۔ میاں ریاض حسین پیرزادہ کا اپنے حلقے کے ساتھ برسوں پرانا تعلق اور بار بار عوامی اعتماد کا حصول اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اقتدار کی راہداریوں میں بھی اپنی زمین سے جڑے رہے۔ قانون کی تعلیم نے ان کی شخصیت میں ایک اور نمایاں خوبی پیدا کی، اور وہ ہے دلیل اور استدلال پر مبنی طرزِ گفتگو۔ ایک قانون دان کا ذہن ہمیشہ حقائق اور منطق کی بنیاد پر بات کرنے کا عادی ہوتا ہے، اور یہی وصف پارلیمانی سیاست میں انتہائی قیمتی ہوتا ہے۔ جذباتی نعروں کے بجائے دلیل کے ساتھ اپنا موقف پیش کرنا، یہ وہ خوبی ہے جو کسی سیاستدان کو محض ایک مقرر سے بلند کر کے ایک سنجیدہ پارلیمانی رہنما کے درجے تک پہنچاتی ہے۔ سماجی حساسیت بھی ان کی شخصیت کا ایک نمایاں پہلو ہے۔ اقلیتوں کے حقوق اور صحت جیسے شعبوں میں ذمہ داری قبول کرنا، یہ محض عہدے کی بات نہیں بلکہ ایک ایسی ذلی کیفیت کی نشاندہی کرتا ہے جو کمزور اور پسے ہوئے طبقات کے دکھ کو محسوس کرتی ہے۔ پاکستان جیسے متنوع معاشرے میں، جہاں اقلیتی برادریاں اکثر نظرانداز ہونے کا گلہ رکھتی ہیں، ایسے شعبوں میں کام کرنے کا انتخاب خود ایک سیاستدان کی ترجیحات اور اس کے دل کی وسعت کو ظاہر کرتا ہے۔ ان کی شخصیت میں عاجزی اور قرب عوام کا عنصر بھی نمایاں طور پر پایا جاتا ہے۔ ایک ایسا سیاستدان جو دہائیوں سے اقتدار کے ایوانوں کا حصہ رہا ہو، اس کے لیے عوام سے براہ راست جڑے رہنا آسان کام نہیں۔ لیکن میاں ریاض حسین پیرزادہ کی مسلسل انتخابی کامیابیاں اس بات کی گواہ ہیں کہ وہ اپنے حلقے کے عام آدمی سے رابطہ برقرار رکھنے میں کامیاب رہے، اور یہی رابطہ ان کی سیاسی بقا کا اصل راز ہے۔ ان کی شخصیت کا ایک اور روشن پہلو وقت کے ساتھ خود کو ڈھالنے کی صلاحیت ہے۔ سیاسی موسموں کی تبدیلی کے باوجود، جہاں کئی رہنما وقت کے ساتھ غیر متعلق ہوجاتے ہیں، میاں ریاض حسین پیرزادہ نے ہر دور میں اپنی افادیت برقرار رکھی۔ یہ صلاحیت محض موقع پرستی نہیں بلکہ ایک ایسی فہم و فراست کا نتیجہ ہے جو تبدیلی کو قبول کرتے ہوئے

## بھیک: جب ایک قوم کا ضمیر سوالی بن جائے

بعض اوقات تاریخ قوموں سے سوال نہیں کرتی، بلکہ ان کے بازار، ان کے چوراہے اور ان کی سڑکیں ان پر فردِ جرم عائد کر دیتی ہیں۔ جب کسی شہر کی ہر سرخ بتی پر ایک پھیلا ہوا ہاتھ دکھائی دے، جب مسجد کے دروازے سے لے کر ہسپتال کی راہداری تک سوالیوں کی قطاریں نظر آئیں، جب معصوم

تنویر اظہر قریشی

بچوں کی ہنسی کتابوں کے بجائے خیرات کے چند سکوں سے وابستہ ہو جائے، تو سمجھ لیجیے کہ یہ صرف چند افراد کی محرومی کا منظر نہیں، بلکہ ایک پوری تہذیب کے ضمیر پر ثبت ہونے والا ایسا سوال ہے جس کا جواب صرف رحم کے چند قطرے نہیں، بلکہ فکر، تدبر اور اجتماعی اصلاح ہے۔

بھیک کا مسئلہ اتنا سادہ نہیں جتنا بظاہر دکھائی دیتا ہے۔ یہ صرف ایک شخص کے دستِ سوال دراز کرنے اور دوسرے کے دستِ عطا بڑھانے کا معاملہ نہیں، بلکہ یہ نفسیات، معاشیات، اخلاقیات، سیاست، تمدن اور ریاستی ذمہ داریوں کے باہم الجھے ہوئے تاروں کا ایسا مجموعہ ہے جسے ایک ہی زاویے سے دیکھنا حقیقت کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ غربت بلاشبہ ایک تلخ حقیقت ہے، اور یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسے بے شمار انسان ہیں جنہیں حالات نے زندگی کی اس دہلیز پر لا کھڑا کیا ہے جہاں سوال ان کی خواہش نہیں بلکہ مجبوری بن جاتا ہے۔ ایک بیمار بوڑھا، ایک بے سہارا بیوہ، ایک معذور نوجوان، یا کوئی ایسا شخص جسے قسمت نے ہر دروازے سے محروم کر دیا ہو، اس کے لیے بھیک لینا جرم نہیں بلکہ ایک ایسے معاشرے کی ناکامی کا اعلان ہے جو اپنے کمزور افراد کو عزت کے ساتھ جینے کا حق نہ دے سکا۔

لیکن یہ بھی اتنی ہی تلخ حقیقت ہے کہ مجبوری کے انہی چہروں کے درمیان ایک ایسا طبقہ بھی پروان چڑھ چکا ہے جس نے گداگری کو صنعت، ہمدردی کو سرمایہ اور انسانیت کو کاروبار بنا دیا ہے۔ منظم گروہ، بچوں کا اغوا، خواتین کا استعمال، معذوری کی مصنوعی نمائش، اور مذہبی جذبات سے کھیلنا اب کسی افسانے کا حصہ نہیں بلکہ ہمارے شہروں کی روزمرہ حقیقت ہے۔ جب بھیک محنت سے زیادہ منافع بخش ذریعہ بن جائے تو پھر مسئلہ غربت سے بڑھ کر قومی کردار کا بن جاتا ہے۔

لیکن اس منظر کا دوسرا کردار بھی کم قابلِ غور نہیں۔ وہ شخص جو اپنی جیب سے چند سکے نکال کر ایک سوالی کی ہتھیلی پر رکھ دیتا ہے، بظاہر ایک نیک عمل انجام دیتا ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہر خیرات خیر ہی ہوتی ہے؟ کیا ہر عطیہ اصلاح پیدا کرتا ہے؟ اگر ہماری دی ہوئی رقم کسی ایسے نظام کو زندہ رکھ رہی ہو جو بچوں کو سکول کے بجائے سڑکوں پر بھیجتا ہے، جو انسانوں کو خودداری کے بجائے انحصار سکھاتا ہے، اور جو غربت کو ختم کرنے کے بجائے اس سے تجارت کرتا ہے، تو ہمیں صرف اپنے ہاتھ نہیں بلکہ اپنے ضمیر کا بھی محاسبہ کرنا چاہیے۔

اسلام نے سخاوت کی ترغیب دی ہے، مگر اس کے ساتھ خودداری کو بھی ایمان کی زینت قرار دیا ہے۔ زکوٰۃ اور صدقات کا مقصد صرف بھوک مٹانا نہیں بلکہ غربت کی جڑ کاٹنا ہے۔ رسول اکرم ? نے محنت کو عزت اور سوال سے حتی الامکان اجتناب کی تعلیم دی۔ اسلامی معاشرے کا نصب العین یہ نہیں کہ سوال کرنے والوں کی تعداد بڑھے، بلکہ یہ ہے کہ دینے والوں کی صف وسیع ہوتی جائے۔

معاشیات کا اصول بھی یہی کہتا ہے کہ وہ سرمایہ جو پیداوار، تعلیم، ہنر اور کاروبار میں لگے، قوم کی تقدیر بدل دیتا ہے، جبکہ وہ سرمایہ جو صرف وقتی استعمال میں صرف ہو، مسائل کو وقتی طور پر دفع تو دیتا ہے مگر ان کا علاج نہیں کرتا۔ اگر خیرات کا ایک حصہ مستقل روزگار، فنی تعلیم، چھوٹے قرضوں، دستکاری، خواتین کی معاشی خودمختاری اور نوجوانوں کی تربیت پر خرچ کیا جائے تو چند برسوں میں ہزاروں خاندان سوال سے استغنا حاصل کرسکتے ہیں۔

تمدن کی اصل عظمت بلند عمارتوں، جدید شاہراہوں اور چمکتے ہوئے بازاروں میں نہیں ہوتی۔ تہذیب اس لمحے پہچانی جاتی ہے جب ایک کمزور انسان بھی اپنی عزتِ نفس محفوظ رکھتے ہوئے زندگی گزار سکے۔ اگر کسی ملک کی شناخت اس کے تاریخی آثار سے پہلے اس کے سوالیوں سے ہونے لگے تو یہ صرف غربت کا نہیں بلکہ تہذیبی انحطاط کا بھی اشارہ ہے۔

ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ مستحق اور پیشہ ور گداگر میں واضح فرق کرے، قومی سطح پر درست اعداد و شمار مرتب کرے، سماجی تحفظ کے اداروں کو مؤثر بنائے، ہنر مندی اور روزگار کے منصوبوں کو وسعت دے، اور بچو

## نصرت لوری کوئٹہ 1

اعلیٰ نے واضح کیا کہ قلتہ الہندوستان کے دشمنوں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور قومی یکجہتی کے دشمن اور ریاست ایسے عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھرپور قوت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ مقصود بلوچ اسٹاکہولم کے ہاتھ کا کھلونا بن کر ہمارے خلاف جو پروپیگنڈا کر رہا ہے اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ آئی آر سی سی کے مطابق گزشتہ دس دن میں ہمارے 4 ہیلی کاپٹر اور 2 طیارے پر آرمائے ہوئے ہیں۔ آئی آر سی سی کے مطابق گزشتہ دس دن میں امریکی ہیلی کاپٹر اور طیارے پر آرمائے ہوئے ہیں۔ آئی آر سی سی کے مطابق گزشتہ دس دن میں امریکی ہیلی کاپٹر اور طیارے کی بڑھتی ہوئی آمد کے پیش نظر ہم نے جنوبی بلوچستان کی کوشش کی ہے کہ ہم اپنے عزیز اسلام آباد کے ذریعے لڑنے

ESTD:1939 ONE OF THE OLDEST NEWS PAPER OF BALOCHISTAN 4

# DAILY NARA-E-HAQ QUETTA

Email.Naraehaq@gmail.com

لورالائی یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ وقار شہید بی آر سی کالج کے طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

## ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ، ٹی ایس پی سمیت 10 اہلکار شہید 11 زخمی

### حملے کے بعد جوابی آپریشن میں 15 دہشت گرد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہو گئے ہیں، آئی جی خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو کی تحصیل ٹل میں دہشت گردوں کے حملے میں ٹی ایس پی سمیت 10 پولیس اہلکار شہید جبکہ 28 اہلکار زخمی ہو گئے۔ چوکی میں موجود جوانوں کی مدد کے لیے ایس ڈی پی او اٹک کی سربراہی میں فوری طور پر امدادی نفری روانہ کی گئی۔ راستے میں دہشت گرد پہلے سے گھات لگائے بیٹھے تھے، جنہوں نے قافلے کے لیے آنے والی نفری کو نشانہ بنایا۔ اس شدید حملے کے نتیجے میں آگے چلنے والی بکتر بند گاڑی (APC) کو شدید نقصان پہنچا۔ تمام تر چیلنجز، نامساعد حالات کے باوجود پولیس کے افسران اور جوانوں نے نہایت دلیری اور پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں 15 خوارج ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہو چکے ہیں۔ اس شدید اور طویل مقابلے کے دوران ڈی ایس پی ہارون سمیت 10 بہادر شہید ہو کر جام شہادت نوش کیا جبکہ 28 جوان زخمی ہوئے، انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا کہ ہنگو میں تربیتی چیک پوسٹ پر حملے کے بعد جوابی

نمبر 43 صفحہ نمبر 3

ڈی ایکسٹو جیب مرتکبی بنگل بیلٹ میں 4 اگست ہم آزادی پاکستان اقلیتوں کے حقوق اور جبریوں کو لے کر ایک اہم احتجاجی مارچ کر رہے ہیں

## پروفیسر علیم صادق

### پروفیسر علیم صادق میں روزانہ ردوبدل ناانصافی ہے، پروفیسر علیم صادق

کوئٹہ (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر علیم صادق نے پڈوئیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز ہونے والے اضافے اور معمولی کمی کے عمل کو "سیاب سیڑھی کا کھیل" قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی موجودہ پالیسی نے عوام کو شدید معاشی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ پٹرول، ڈیزل اور دیگر پڈوئیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہمیشہ بھاری مقدار میں کیا جاتا ہے، جبکہ کمی صرف برائے نام کی جاتی ہے، جس سے عوام کو کوئی حقیقی ریلیف نہیں ملتا۔ انہوں نے کہا کہ پڈوئیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اتار چڑھاؤ کے باعث مہنگائی میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے۔ ٹرانسپورٹ، اشیائے خورد و نوش اور زرعی شعبہ اور روزمرہ استعمال کی تمام ضروری اشیاء مہنگی ہو چکی ہیں، جبکہ عام شہری، مزدور، سرکاری ملازمین اور سفید پوش طبقہ شدید مالی دباؤ کا شکار ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر علیم صادق نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ پڈوئیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین میں شفافیت اختیار کرے اور عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں کے مطابق عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے اگر عالمی سطح پر قیمتوں میں کمی آتی ہے تو اس کا براہ راست فائدہ عام شہری تک پہنچنا چاہیے، نہ کہ صرف کمی کر کے عوام کو صرف اعداد و شمار میں الجھایا جائے۔

## تربت، فرائض کے دوران زخمی سکیورٹی گارڈ کمپنی کی لاتعلقی کے باعث مشکلات کا شکار

### مکیگم سکیورٹی سروسز کے خلاف قانونی کارروائی اور علاج کے اخراجات برداشت کرنے کی اپیل

کوئٹہ (این این اے) بلوچستان کے ضلع تربت میں فرائض کی انجام دہی کے دوران دہشت گردوں کے حملے میں شدید زخمی ہونے والے مکیگم سکیورٹی سروسز (Magnum Security Services Pvt Ltd) کے گارڈ (احمد بلوچ) اس وقت شدید مالی اور طبی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ ان کی کینچی نے مشکل کی اس گھڑی میں ان سے مکمل لاتعلقی اختیار کر لی ہے۔ احمد بلوچ کے بھائی الطاف حسین بلوچ کی گفتگو تفصیلات کے مطابق، الطاف حسین بلوچ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے چھوٹے بھائی احمد بلوچ مکیگم سکیورٹی سروسز میں بطور سکیورٹی گارڈ ملازم تھے

ہنگو بزرگ مالی خیبر پختونخوا سمیل انفرادی مظاہرہ میں دہشت گردوں کے خاتمے پر پولیس شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کر رہے ہیں

## شہریوں کا خون بہانے والے اصرار قسم کی نرمی کے مستحق نہیں سردار کھیتران

### کچی میں دہشت گردوں کے ہاتھوں 6 بے گناہ غیر مقامی مزدوروں کا قتل قابل مذمت ہے، صمصم اور نعمت علی افراد کو ناحق بنانا انسانیت کے خلاف گھناؤنا جرم ہے، کوئٹہ آسکلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے بلوچستان کے ضلع کچی میں دہشت گردوں کے ہاتھوں 6 بے گناہ غیر مقامی مزدوروں کے قتل کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم اور محنت کش افراد کو ناحق بنانا انسانیت کے خلاف کھلا جرم ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی مسلسل تلخی اور غیر منصفانہ تقسیم کے باعث لاکھوں اکبازوری اراضی پر کاشت کی گئی چاول کی پنیری مل کر تباہ ہو رہی ہے، جس سے کاشتکاروں کی سال بھر کی محنت اور سرمایا دن بدن شدید خطرے میں پڑ گیا ہے۔ اگر فوری طور پر پانی کی فراہمی یقینی نہ بنائی گئی تو مرد جاول سمیت دیگر فصلوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔

## گندابر، کھیر تھر کینال کے ٹیل علاقوں میں پانی کا شدید بحران، جے یو آئی کی تشویش

### پانی نہ ملنے سے چاول کی پنیری تباہ ہو رہی ہے، محکمہ ایریگیشن فوری نوٹس لے، مولانا امان اللہ خانی

گندابر (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام سمیل گندابر کے امیر مولانا امان اللہ خانی، جنرل سیکرٹری حافظ سلطان احمد سلطانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا غلام نبی جاکیرانی، مولانا محمد اورینگل اور دیگر زمینداران نے آج مستحق کے بیان میں کہا ہے کہ کھیر تھر کینال سے نکلنے والی ذیلی شاخوں کے ٹیل علاقوں میں زرعی پانی کے باعث انتہائی سنگین صورت اختیار کر چکا ہے، جس کے باعث خریف، ساتھیں اور تالاب سنگ ہو گئے ہیں، جبکہ پانی نہ ملنے سے چاول کی پنیری تباہ ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی تقسیم کا نظام انتہائی ناقص ہے، جس کی وجہ سے ٹیل کے علاقوں میں پانی کا شدید بحران پیدا ہو چکا